106467 ـ معدے كا السر ہونے كى بنا پر ڈاكٹروں نے روزہ نہ ركھنے كا مشورہ ديا ہے

سوال

ايك شخص آٹھ برس سے معدے كے السر كى بيمارى كا شكار ہے اور ڈاكٹروں نے بيمارى بڑھ جانے كى بنا پر اسے روزہ نہ ركھنے كا مشورہ دے ركھا ہے اس كا علاج معالجہ جارى ہے كيا ايسا كرنا جائز ہے يانہيں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

" اس كے ليے روزہ چھوڑنا جائز ہے، اور اگر اسے شفايابى كى اميد ہے تو ان روزوں كى قضاء ميں روزے ركھےگا، ليكن اگر شفايابى كى اميد نہيں تو پھر وہ ماہ رمضان كے ہر دن كے بدلے ايك مسكين كو كھانا دےگا " انتہى.

ديكھيں: فتاوى الشيخ محمد بن ابراہيم رحمہ اللہ (4 / 180).